آگ سے تحفظ کے مفید مشورے

بلند عمارتوں میں محفوظ رہنا

کیا میں اندر رہوں یا باہر بھاگوں؟

اگر آپ کے یونٹ میں نہیں بلکہ عمارت میں آگ لگی ہو اور آپ عمارت کے اندر رہنے کا فیصلہ کریں، تو:

- اپنے یونٹ کا دروازہ بند کر دیں (لاک کیے بغیر)۔
- بیڈ روم یا کسی دوسرے ایسے کمرے میں چلے جائیں، جس کا دروازہ محفوظ طریقے سے بند کیا جا سکتا ہو۔
- دروازے کے نیچے سوراخ کو بند کرنے کے لیے اس میں کوئی تولیہ وغیرہ گھسا دیں۔
- کسی کھڑکی کے قریب نیچے فرش پر بیٹھے رہیں (کیونکہ دھواں اوپر کو اٹھتا ہے)۔

جب آپ کسی محفوظ جگہ پر موجود ہوں، تو 9-1-1 پر کال کریں۔

- اپنا پتہ اور یونٹ نمبر* معلوم رکھیں۔

اگر آپ کے یونٹ میں آگ لگ گئی ہو:

- تو یونٹ سے فوری طور پر باہر نکل جائیں اور دروازہ بند کر دیں (لاک کیے بغیر)۔
- کبھی بھی لِفٹ یا ایلیویٹر استعمال نہ کریں۔
- سیڑھیوں کی طرف جائیں اور پوری عمارت کو آگاہ کرنے کے لیے فائر الارم کو کھینچ دیں۔
- عمارت سے باہر نکلنے کے لیے سیڑھیاں استعمال کریں۔
- اگر آپ سیڑھیاں استعمال نہیں کر سکتے، تو سیڑھیوں کے راستے کی طرف ہی جائیں، دروازہ بند کر دیں اور فائر فائٹرز کی مدد کا انتظار کریں۔

جب آپ باہر یا کسی محفوظ جگہ پر موجود ہوں، تو 9-1-1 پر کال کریں۔

- آپ کو اپنا پتہ اور یونٹ نمبر معلوم ہونا چاہیے۔

سوالات ہیں؟ ہم سے رابطہ کریں:

Mississauga فائر اینڈ ایمرجنسی سروسز
فائر پریوینشن ڈویژن
905.896.5908
mississauga.ca/fire
fire.prevention@mississauga.ca

Mississauga Fire & Emergency Services